**Opportunity classes and selective high schools**

**Information for parents and carers**

# اپرچیونٹی کلاسز اور سیلیکٹیو ہائی سکولز

## والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

### اپرچیونٹی کلاسز سے کیا مراد ہے؟

اپرچیونٹی کلاسز جماعت 5 اور جماعت 6 کے ذہین اور زیادہ باصلاحیت طالبعلموں کی ضروریات پوری کرتی ہیں۔ پورے نیو ساؤتھ ویلز میں اپرچیونٹی کلاسز (ورچوئل اپرچیونٹی کلاسز سمیت) مہیا کرنے والے 87 سکول ہیں جو سرکاری نظام تعلیم کا حصہ ہیں۔

### سیلیکٹیو ہائی سکولز سے کیا مراد ہے؟

سیلیکٹیو ہائی سکولز جماعت 7 تا 12 کے ذہین اور زیادہ باصلاحیت طالبعلموں کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ 17 مکمل سیلیکٹیو سکولز، 26 جزوی سیلیکٹیو ہائی سکولز، 4 زرعی سیلیکٹیو ہائی سکولز (کچھ ہاسٹل کی سہولت کے ساتھ) اور ایک ورچوئل سیلیکٹیو ہائی سکول موجود ہے۔

### بچوں کو اپرچیونٹی کلاس یا سیلیکٹیو ہائی سکول میں پڑھنے سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلم سیکھنے اور فلاح کے ضمن میں خاص ضروریات رکھتے ہیں۔ اپرچیونٹی کلاسز اور سیلیکٹیو ہائی سکولز میں تعلیم کو یکساں صلاحیت رکھنے والے بچوں کے لیے مناسب سطح کا چیلنج فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ بہت سے زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلم بتاتے ہیں کہ اپنے جیسی صلاحیت رکھنے والے دوسرے طالبعلموں کے بیچ رہنے سے وہ وابستگی اور افہام و تفہیم محسوس کرتے ہیں۔

### مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ زیادہ باصلاحیت یا ذہین ہے؟

زیادہ باصلاحیت اور ذہین بچے بالعموم:

- نہایت متجسّس ہوتے ہیں
- نئے خیالات اور مہارتیں جلد اور آسانی سے اپنا لیتے ہیں
- اچھی یادداشت کا مظاہرہ کرتے ہیں
- پیچیدہ سوالات پوچھتے ہیں
- تخلیقی صلاحیت رکھتے ہیں
- پیچیدہ انداز میں سوچنے سے لطف اندوز ہوتے ہیں
- نئی چیزیں سیکھتے ہوئے کم دہرائی کی ضرورت رکھتے ہیں
- اپنی دلچسپی یا شوق کے شعبے پر بہت توجہ دیتے ہیں۔

اگر آپ اپنے بچے کو ان میں سے کئی خصوصیات کا مظاہرہ کرتے دیکھیں تو مشورہ ہے کہ آپ اس کے لیے درخواست دینے پر غور کریں۔

## طالبعلم داخلے کے اہل کیسے بنتے ہیں؟

طالبعلم ایک مفت داخلہ ٹیسٹ دیتے ہیں۔

اپرچیونٹی کلاس کے لیے داخلہ ٹیسٹ میں متواتر تین حصے ہوتے ہیں:

- پڑھنا
- ریاضی کے اصولوں کا استعمال
- سوچنے کی صلاحیت

سیلیکٹیو ہائی سکول کے لیے داخلہ ٹیسٹ میں متواتر چار حصے ہوتے ہیں:

- پڑھنا
- ریاضی کے اصولوں کا استعمال
- سوچنے کی صلاحیت
- لکھنا۔

## منصفانہ داخلہ

ڈیپارٹمنٹ نے منصفانہ داخلے کا ماڈل (Equity Placement Model) متعارف کروایا ہے تاکہ کم نمائندگی رکھنے والے گروہوں سے تعلق رکھنے والے زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی نمائندگی بڑھائی جائے۔ اس ماڈل کے تحت کل نشستوں کا کچھ فیصد مندرجہ ذیل کے لیے مخصوص رکھا جاتا ہے:

- سماجی و تعلیمی لحاظ سے کم مراعات یافتہ کمیونٹیوں کے طالبعلم
- ایبوریجنل طالبعلم
- دیہی اور دور دراز علاقوں کے طالبعلم
- معذور طالبعلم۔

منصفانہ داخلوں کے لیے درخواست کا کوئی الگ عمل نہیں ہے۔ منصفانہ داخلوں کے مستحق ہر گروہ سے تعلق رکھنے والے طالبعلموں کو درخواست فارم پر دی گئی معلومات اور ڈیپارٹمنٹ کے پاس موجود دیگر ڈاٹا کی روشنی میں شناخت کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیں: https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/fair-access

## کیا طالبعلموں کو ٹیسٹ کے لیے مشق کرنے کی ضرورت ہے؟

داخلہ ٹیسٹ تنقیدی سوچ کی غیر معمولی صلاحیت رکھنے والے طالبعلموں کو شناخت کرتا ہے، نہ کہ ایسی صلاحیتوں کا پتہ چلاتا ہے جنہیں تعلیم و تربیت کے ذریعے ذہن میں بٹھایا جائے۔ طالبعلموں کو ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ پر دیے گئے داخلہ ٹیسٹ دیکھنے چاہیئں تاکہ ان کا ٹیسٹ کے فارمیٹ سے آگاہ ہونا یقینی ہو۔ والدین کو علم ہونا چاہیے کہ ایسے کوئی معتبر شواہد موجود نہیں ہیں کہ ٹیسٹ سے پہلے تفصیلی کوچنگ سے کوئی فرق پڑتا ہے۔

آپ اپرچیونٹی کلاس کے لیے پچھلے داخلہ ٹیسٹ یہاں دیکھ سکتے ہیں: https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/placement-test/opportunity-class-practice-tests

آپ سیلیکٹیو ہائی سکول کے لیے پچھلے داخلہ ٹیسٹ یہاں دیکھ سکتے ہیں: https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/placement-test/selective-high-school-practice-tests

## کون درخواست دے سکتا ہے؟

- نیو ساؤتھ ویلز میں سرکاری اور غیر سرکاری پرائمری سکولوں کے طالبعلم داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں۔
- اپرچیونٹی کلاس میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ طالبعلم آسٹریلیا یا نیوزی لینڈ کے شہری یا آسٹریلیا کے مستقل رہائشی ہوں۔
- دوسری سٹیٹس اور دوسرے ممالک سے تعلق رکھنے والے طالبعلم اس صورت میں درخواست دے سکتے ہیں کہ داخلے کے وقت ان کا گھرانہ نیو ساؤتھ ویلز میں رہ رہا ہو اور سکول کی تعلیم کے عرصے میں نیو ساؤتھ ویلز میں رہنے کا ارادہ رکھتا ہو۔
- جو گھرانے پہلے ہی مستقل اقامت کی درخواست دے چکے ہوں اور ان کے پاس ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کی طرف سے ایسے کاغذات موجود ہوں جو انہیں داخلے کے فیصلے کی اطلاع ملنے سے پہلے مستقل اقامت مل جانے کی معقول توقع دلاتے ہوں، وہ بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔

## درخواستوں کی وصولی کب شروع ہوتی ہے؟

اپرچیونٹی کلاسز کے لیے درخواستوں کی وصولی تب شروع ہوتی ہے جب طالبعلم جماعت 4 میں ہوں اور سیلیکٹیو ہائی سکولوں کے لیے جماعت 5 میں درخواستوں کی وصولی شروع ہوتی ہے۔ اہم تاریخیں اور درخواستوں کے متعلق دوسری معلومات ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔ https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/application-process

## میں اپنے بچے کے داخلے کے لیے کیسے درخواست دوں؟

- درخواست یہاں آن لائن مکمل کی جاتی ہے: https://shsoc.education.nsw.gov.au
- درخواست کو انگلش میں مکمل کرنا ضروری ہے۔
- والدین اپرچیونٹی کلاسز کے لیے دو تک سکولوں اور تین تک سیلیکٹیو ہائی سکولوں کو نامزد کر سکتے ہیں۔ انہیں درخواست میں سکولوں کے نام اپنی ترجیح کے مطابق ترتیب سے لکھنے چاہیئں۔ جہاں طالبعلم ایک سے زیادہ سکولوں کے معیار پر پورے اترتے ہوں، انہیں صرف ان کے اولّین انتخاب کے سکول میں داخلے کی پیشکش ملے گی۔
- جو والدین معذوری کی وجہ سے آن لائن درخواست مکمل نہ کر سکتے ہوں، انہیں مدد کے لیے 1300 880 367 پر High Performing Students Team سے رابطہ کرنا چاہیے۔
- درخواست دینے یا داخلہ ٹیسٹ کی کوئی فیس نہیں ہے۔

## اپرچیونٹی کلاسز اور سیلیکٹیو ہائی سکولز کہاں ہیں؟

اپرچیونٹی کلاسز پوری نیو ساؤتھ ویلز سٹیٹ کے گورنمنٹ سکولوں میں موجود ہیں اور ان کی فہرست یہاں دی گئی ہے: https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/choosing-a-school/opportunity-classes#findoc

سیلیکٹیو ہائی سکولز نیو ساؤتھ ویلز کے گورنمنٹ سکول ہیں اور ان کی فہرست یہاں دی گئی ہے: https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools/choosing-a-school/selective-high-schools#findshs

## ورچوئل اپرچیونٹی کلاسز اور ورچوئل سیلیکٹیو ہائی سکولز

اگر آپ کسی دیہی یا دور دراز علاقے میں ہیں تو شاید آپ کا بچہ Aurora College میں داخلے کی درخواست دینے کا اہل ہو۔ یہ گورنمنٹ سکول ورچوئل اپرچیونٹی کلاس اور ورچوئل سیلیکٹیو ہائی سکول فراہم کرتا ہے۔

طالبعلم اپنے مقامی پبلک سکول میں جاتے ہیں اور آن لائن کانفرنسنگ سسٹم استعمال کر کے اپرچیونٹی کلاس یا سیلیکٹیو ہائی سکول میں شریک ہوتے ہیں۔

اپرچیونٹی کلاسز رکھنے والے سکولوں کے طالبعلم یا موجودہ اپرچیونٹی کلاسز اور سیلیکٹیو ہائی سکولوں کے علاقوں میں واقع سکولوں کے طالبعلم Aurora College میں داخلے کی درخواست دینے کے لیے اہل نہیں ہیں۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

- اس ویب سائیٹ پر دستیاب درخواست کے متعلق مزید معلومات پڑھیں
https://education.nsw.gov.au/schooling/parents-and-carers/choosing-a-school-setting/selective-high-schools
- High Performing Students Team سے رابطہ کریں۔
ای میل: ssu@det.nsw.edu.au
فون: 1300 880 367
- SHS Facebook: https://www.facebook.com/groups/772251106301086/
- OC Facebook: https://www.facebook.com/groups/159342048077050/

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، آپریٹر کو اپنی مطلوبہ زبان اور وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں۔آپریٹر سکول کو کال کر کے لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔